دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت صدقہ جاریہ ہے، ڈاکٹر شاہد

بینائی سے محروم افراد کو مفت علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی قابل تعریف اقدام ہے

دینہ (تحصیل رپورٹر) دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت بہت بڑی نیکی اور صدقہ جاریہ ہے ایسے لوگ خوش قسمت ہیں جنہیں خدا نے مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے چن لیا ہے یہ بات ای ڈی او ہیلتھ جہلم ڈاکٹر شاہد تنویر نے ممتاز سماجی شخصیت مرزا محمد صابر آف قلعہ روہتاس کے تعاون سے انجمن بہبود ی مریضاں دینہ و ڈنمارک کے زیر اہتمام رورل ہیلتھ سنٹر دینہ کے اقبال آئی بانک میں 31ویں فری آئی کیمپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا انہوں نے دینہ میں سماجی فلاحی بہبود کے کاموں میں سول سوسائٹی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ بینائی سے محروم افراد کو مفت علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی میں انجمن بہبود مریضاں دینہ و ڈنمارک کا کردار قابل ستائش ہے جس کیلئے تمام عہدیداران و اراکین انجمن مبارک باد کے مستحق ہیں تقریب سے انجمن کے بانی و سرپرست حاجی محمد اقبال نے انجمن کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آنکھیں خدا کی بہت بڑی نعمت ہیں غریب اور مستحق افراد کی خدمت اصل عبادت ہے اس عظیم مشن کے فروغ سے روحانی سکون ملتا ہے دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے یہ خدا کا کرم ہے کہ بینائی سے محروم افراد دور دراز سے علاج و معالجہ کی خاطر ہمارے پاس آتے ہیں انہوں نے انجمن کے پرانے رفقاء چوہدری محمد اشرف مرحوم، چوہدری محمد رفیق مرحوم، چوہدری دلاور مرحوم، اللہ محمد رزاق مرحوم اور مسعود چیمہ کی خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ انجمن کا قیمتی اثاثہ تھے۔ ان کی خدمت کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا تقریب سے سیکرٹری جنرل انجمن ڈاکٹر شوکت محمود، چوہدری فضل الٰہی تانجپوری محمد اسلم ملی پوری آف گوجرانوالہ اور دیگر نے بھی خطاب کیا اس موقع پر انجمن کے عہدیداران و اراکین کے علاوہ شہریوں نے ای ڈی او ہیلتھ جہلم ڈاکٹر تنویر شاہد سے رورل ہیلتھ سنٹر دینہ اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال درجہ دینے کا مطالبہ کیا۔